Save & Print

Roll No:
Application No:
Name:
Exam Date: **08-Oct-2020**
Exam Time: **15:00-18:00**
Examination: **1. Course Code - M.A./M.Sc./M.C.A.**
**2. Field of Study - URDU (URDM)**

Registered Photo | Exam Day Photo

**SECTION 1 - SECTION 1**

**Question No.1 (Question Id - 59)**

فیض احمد فیض کے معاصر شاعر کون ہیں؟

(A) سرور جہاں آبادی

(B) مخدوم محی الدین **(Correct Answer)**

(C) زبیر رضوی

(D) علامہ اقبال

**Question No.2 (Question Id - 55)**

ذیل میں دو قول درج ہیں۔

قول - I

مغلیہ حکومت نے ہمیں تین چیزیں دیں۔تاج محل، اردو اور مرزا غالب۔

قول - II

مومن خان مومن مغلیہ سلطنت کے آخری بادشاہ کے استاد تھے۔

ان اقوال کی روشنی میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) I اور II دونوں صحیح ہیں۔

(B) I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔ **(Correct Answer)**

(D) I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔

**Question No.3 (Question Id - 32)**

سرسید کی سائنٹفک سوسائٹی کا قیام کہاں عمل میں آیا؟

(A) علی گڑھ

(B) مرادآباد

(C) غازی پور **(Correct Answer)**

(D) بنارس

**Question No.4 (Question Id - 14)**

غالب کے خطوط کا پہلا مجموعہ کون ہے؟

(A) اردوئے معلّیٰ

(B) عودِ ہندی **(Correct Answer)**

(C) خطوطِ غالب

(D) مکاتیبِ غالب

**Question No.5 (Question Id - 73)**

'اردو کا ابتدائی زمانہ' کس کی تصنیف ہے؟

(A) گیان چند جین

(B) مسعود حسین خاں

(C) شمس الرحمٰن فاروقی **(Correct Answer)**

(D) جمیل جالبی

**Question No.6 (Question Id - 89)**

ذیل میں دیے گئے اقوال کی روشنی میں صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

قول - I

میرؔ کے ہم عصر شعراء میں شیفتہ کو اہمیت حاصل ہے

قول - II

داغؔ نے ترک ایہام گوئی کی تحریک میں نمایاں کردار ادا کیا

(A) I اور II دونوں قول صحیح ہیں۔

(B) دونوں I اور II غلط ہیں۔ **(Correct Answer)**

(C) I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔

(D) I غلط ہے اور II صحیح ہے۔

**Question No.7 (Question Id - 26)**

ذیل میں دو قول دیے گئے ہیں۔

قول - I

غزل نیم وحشی صنف سخن ہے۔

قول - II

غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔

ان اقوال کی روشنی میں ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) I اور II دونوں صحیح ہیں۔ **(Correct Answer)**

(B) I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔

(D) I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔

**Question No.8 (Question Id - 84)**

مانگا کریں گے اب سے دعا ہجر یار کی
آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ
شاعر ہجر کی دعا کیوں مانگنا چاہتا ہے؟

(A) ○ معشوق سے ملنے کے لیے (Correct Answer)

(B) ○ معشوق سے جدا ہونے کے لیے

(C) ○ معشوق سے دشمنی نبھانے کے لیے

(D) ○ معشوق کو بھولنے کے لیے

**Question No.9 (Question Id - 49)**

(A) درد (B) غالب (C) شیفتہ (D) داغ (E) تفتہ

ان میں سے ذوق کے ہم عصر شاعر کون کون ہیں؟

(A) ○ (B), (C) ,(E) (Correct Answer)

(B) ○ (A), (B) , (D)

(C) ○ (B), (D), (E)

(D) ○ (A), (C), (D)

**Question No.10 (Question Id - 28)**

The below question has been dropped and full marks are awarded.

ان میں سے کون سا ناول منشی سجاد حسین کا نہیں ہے؟

(A) ○ طرحدار لونڈی

(B) ○ طرحدار لونڈی

(C) ○ کائنات

(D) ○ کایاپلٹ

**Question No.11 (Question Id - 78)**

The below question has been dropped and full marks are awarded.

ذیل میں برج نرائن چکبست کی نظم کون سی ہے؟

(A) ○ جنگل کی شہزادی

(B) ○ رامائن کا ایک سبق

(C) ○ آثار سلف

(D) ○ کلرک کا نغمہ محبت

**Question No.12 (Question Id - 29)**

ڈراما ' آگرہ بازار ' میں کس شاعر کی نظموں اور غزلوں کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) ○ اکبرالہ آبادی

(B) ○ نظیر اکبرآبادی (Correct Answer)

(C) ○ فیض احمد فیض

(D) ○ اسمٰعیل میرٹھی

**Question No.13 (Question Id - 51)**

" ادبی اصطلاح کی وضاحتی فرہنگ" کس کی تصنیف ہے؟

(A) ○ قاضی افضال حسین

(B) ○ شمس الرحمٰن فاروقی

(C) ○ عتیق اللہ **(Correct Answer)**

(D) ○ ابوالکلام قاسمی

**Question No.14 (Question Id - 92)**

اُٹھ کہ خورشید کا سامانِ سفر تازہ کریں
نفسِ سوختہ شام و سحر تازہ کریں

یہ شعر اقبال کے کس مجموعہ کلام کی سُرخی ہے؟

(A) ○ بانگِ درا

(B) ○ بالِ جبریل **(Correct Answer)**

(C) ○ ضربِ کلیم

(D) ○ ارمغانِ حجاز

**Question No.15 (Question Id - 97)**

ذیل میں دیے گئے اقوال کی روشنی میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

قول - I

" جدیدیت کی بنیاد مارکسی نظریہ پر قائم ہے"۔

قول - II

"اب ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہوگا"۔

(A) ○ I اور II دونوں صحیح ہیں۔

(B) ○ I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) ○ I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔

(D) ○ I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔ **(Correct Answer)**

**Question No.16 (Question Id - 96)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| | List - I | List - II |
|---|---|---|
| (A) | گرم کوٹ، رحمن کے جوتے، لاجونتی | (I) پریم چند |
| (B) | بالکونی، کالو بھنگی، مہالکشمی کا پل | (II) سعادت حسن منٹو |
| (C) | کالی شلوار، ٹوبہ ٹیک سنگھ، نیا قانون | (III) راجندر سنگھ بیدی |
| (D) | نجات، عیدگاہ، بڑے گھر کی بیٹی | (IV) کرشن چندر |

(A) ○

(II) & (A)

(B) ○ (IV) & (B) **(Correct Answer)**

(C) ○ (I) & (C)

(D) ○ (III) & (D)

**Question No.17 (Question Id - 19)**

" فرہنگِ آصفیہ " کا مدوّن کون ہے؟

(A) ○ مولوی سید احمد دہلوی **(Correct Answer)**

(B) ○ سید علی بلگرامی

(C) ○ مولوی عزیز مرزا

(D) ○ محمد عبداللہ خاں خویشگی

**Question No.18 (Question Id - 45)**

قرۃ العین حیدر کا پہلا افسانوی مجموعہ کون ہے؟

(A) ○ روشنی کی رفتار

(B) ○ شیشے کا گھر

(C) ○ پت جھڑ کی آواز

(D) ○ ستاروں سے آگے **(Correct Answer)**

**Question No.19 (Question Id - 91)**

جب پورے کلام سے دو (۲) یا زائد معنی برآمد ہوں تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ○ ایہام

(B) ○ ادماج **(Correct Answer)**

(C) ○ ابہام

(D) ○ توشیع

**Question No.20 (Question Id - 61)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| List - I | | List - II |
|---|---|---|
| (A) | میر شیر علی افسوس | (I) دلی کالج |
| (B) | ماسٹر رام چندر | (II) دالترجمہ عثمانیہ |
| (C) | کاظم علی جواں | (III) حلقہ ارباب ذوق |
| (D) | سرراس مسعود | (IV) فورٹ ولیم کالج |

(A) ○ (IV) & (D)

(B) ○ (I) & (B) **(Correct Answer)**

(C) ○ (III) & (A)

(D) ○ (II) & (C)

**Question No.21 (Question Id - 24)**

صنفِ مرثیہ کے لئے مُسدّس کی ہیئت کا استعمال کس کے دور سے شروع ہوا؟

(A) میر و سودا **(Correct Answer)**

(B) آتش و ناسخ

(C) انشاء و مصحفی

(D) انیس و دبیر

**Question No.22 (Question Id - 56)**

نگاہِ ناز جسے آشنائے راز کرے
وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے

حسرت موہانی کے اس شعر میں " نگاہِ ناز " کیا ہے؟

(A) مجازِ مرسل

(B) استعارہ **(Correct Answer)**

(C) کنایہ

(D) تشبیہ

**Question No.23 (Question Id - 62)**

ان میں سے کون سی نظم برج نرائن چکبست کی نہیں ہے؟

(A) خاک ہند

(B) حب وطن

(C) رامائن کا ایک سین

(D) گاندھی نامہ **(Correct Answer)**

**Question No.24 (Question Id - 13)**

کبھی شاخ و سبزہ و برگ پر، کبھی غنچہ و گل و خار پر
میں چمن میں چاہے جہاں رہوں، مرا حق ہے فصلِ بہار پر

جگر مرادآبادی کے اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) تنسیق الصفات

(B) لف و نشر

(C) تجاہلِ عارفانہ

(D) مراعات النظیر **(Correct Answer)**

**Question No.25 (Question Id - 42)**

ان میں عصمت چغتائی کا افسانہ کون سا ہے؟

(A) بھولا

(B) چوتھی کا جوڑا **(Correct Answer)**

(C) گرم کوٹ

(D) ○ ٹوبہ ٹیک سنگھ

**Question No.26 (Question Id - 81)**

زبس نیند میں تھا جو وہ ہو رہا　　بچھونے پہ آتے ہی بس سو رہا

وہ سویا جو اس آن سے بے نظیر　　رہا پاسباں اس کا ماہ منیر

یہ اشعار کس مثنوی سے ماخوذ ہیں؟

(A) ○ گلزار نسیم

(B) ○ سحرالبیان **(Correct Answer)**

(C) ○ زہر عشق

(D) ○ قطب مشتری

**Question No.27 (Question Id - 41)**

"گنج ہائے گراں مایہ" کا مصنف کون ہے؟

(A) ○ رشید احمد صدیقی **(Correct Answer)**

(B) ○ آلِ احمد سرور

(C) ○ احتشام حسین

(D) ○ خورشید الاسلام

**Question No.28 (Question Id - 21)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کریں۔

| List - I | List - II |
|---|---|
| (A) ایہام گوئی کی تحریک | (I) اختر شیرانی، مہدی افادی |
| (B) علی گڑھ تحریک | (II) فیض احمد فیض، راجندر سنگھ بیدی |
| (C) ترقی پسند تحریک | (III) نذیر احمد، حالی |
| (D) رومانی تحریک | (IV) آبرو، حاتم |

(A) ○ (III) & (A)

(B) ○ (I) & (B)

(C) ○ (II) & (C) **(Correct Answer)**

(D) ○ (IV) &(D)

**Question No.29 (Question Id - 100)**

The below question has been dropped and full marks are awarded.

مثنوی "سحرالبیان" کب لکھی گئی؟

(A) ○ 1885
(B) ○ 1795
(C) ○ 1805
(D) ○ 1815

**Question No.30 (Question Id - 93)**

(A) سرور زندگی　(B) آتش گل　(C) واردات

(D) گل نغمہ　(E) جگنوؤں کی دنیا

ان میں سے کون کون شعری مجموعے ہیں۔

(A) (A), (C) ,(E)

(B) (C), (D) , (E)

(C) (B), (C), (E)

(D) (A), (B), (D) **(Correct Answer)**

**Question No.31 (Question Id - 87)**

"فرہنگ عامرہ" کا مرتب کون ہے؟

(A) محمد عبداللہ خاں خویشگی **(Correct Answer)**

(B) مولوی فیروزالدین

(C) مولوی سید احمد دہلوی

(D) نول کشور

**Question No.32 (Question Id - 39)**

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) حسن تعلیل

(B) تجاہل عارفانہ

(C) سیاقتہ الاعداد

(D) تلمیح **(Correct Answer)**

**Question No.33 (Question Id - 34)**

(A) آمد　(B) تشبیب　(C) رخصت　(D) گریز　(E) سراپا

ان میں سے کون کون مرثیہ کے اجزا نہیں ہیں؟

(A) (D), (E)

(B) (B), (C)

(C) (A), (D)

(D) (B), (D) **(Correct Answer)**

**Question No.34 (Question Id - 64)**

یاس یگانہ چنگیزی کے شعری مجموعے کا نام ہے؟

(A) آیات وجدانی **(Correct Answer)**

(B) آتش گل

(C) ○ نشاطِ روح

(D) ○ وجدانیات

**Question No.35 (Question Id - 47)**

" مرثیہ عارف " کا مصنّف کون ہے؟

(A) ○ جمیل مظہری

(B) ○ شاد عظیم آبادی

(C) ○ مرزا سلامت علی دبیر

(D) ○ مرزا اسد اللہ خاں غالب **(Correct Answer)**

**Question No.36 (Question Id - 101)**

ترے شیشے میں مئے باقی نہیں ہے _ بتا کیا تو مرا ساقی نہیں ہے؟
سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم! _ بخیلی ہے یہ رزّاقی نہیں ہے
اس میں " ساقی " سے کس کو مخاطب کیا گیا ہے؟

(A) ○ اللہ تبارک و تعالیٰ کو **(Correct Answer)**

(B) ○ حضرت محمدؐ کو

(C) ○ حضرت علیؓ کو

(D) ○ شراب پلانے والے کو

**Question No.37 (Question Id - 17)**

" تکلّم " کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) ○ زبیر رضوی

(B) ○ عتیق اللہ **(Correct Answer)**

(C) ○ مخمور سعیدی

(D) ○ شکیب جلالی

**Case Study - 38 to 42 (Question Id - 7)**

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

کس کا کعبہ کیسا قبلہ کون حرم ہے کیا احرام
کوچے کے اس کے باشندوں نے سب کو یہیں سے سلام کیا

میرؔ کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو ان نے تو
قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا، کب کا ترک اسلام کیا

**Question No.38 (Question Id - 8)**

پہلے شعر کے دونوں مصرعوں میں ردیف و قافیہ استعمال کیا گیا ہے۔اس شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ○ مسلسل غزل

(B) ○ مقطع

(C) ○ مطلع **(Correct Answer)**

(D) ○ حسن مطلع

**Question No.39 (Question Id - 9)**

آخری شعر میں شاعر نے اپنا نام استعمال کیا ہے۔اس شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ○ مقطع **(Correct Answer)**

(B) ○ تعلی

(C) ○ مطلع

(D) ○ ردیف

**Question No.40 (Question Id - 10)**

آخری شعر میں لفظ 'قشقہ' استعمال کیا گیا ہے۔اس لفظ کے کیا معنی ہیں؟

(A) ○ مندر

(B) ○ تِلک **(Correct Answer)**

(C) ○ چوٹی

(D) ○ دامن

**Question No.41 (Question Id - 11)**

چوتھے شعر میں کوچے کے باشندوں سے کیا مراد ہے؟

(A) ○ وہ لوگ جو عبادت خانہ نہیں جانا چاہتے

(B) ○ وہ لوگ جو عبادت خانے میں رہتے ہیں

(C) ○ وہ لوگ جو عبادت خانے سے دور ہیں (Correct Answer)

(D) ○ وہ لوگ جو عبادت خانہ جانا چاہتے ہیں

**Question No.42 (Question Id - 12)**

تیسرے شعر میں لفظ 'عبث' استعمال کیا گیا ہے۔اس کے کیا معنی ہیں؟

(A) ○ کاری گر

(B) ○ بے کار (Correct Answer)

(C) ○ برباد

(D) ○ کمزور

**Question No.43 (Question Id - 44)**

رسالہ " اردوئے معلّٰی " کس نے جاری کیا؟

(A) ○ عرفان صدیقی

(B) ○ حسرت موہانی (Correct Answer)

(C) ○ قتیل شفائی

(D) ○ معین احسن جذبی

**Question No.44 (Question Id - 69)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| List - II | List - I |
| --- | --- |
| (I) مقطع | (A) قصیدہ |
| (II) آمد | (B) غزل |
| (III) گریز | (C) نظم |
| (IV) رخصت | (D) مرثیہ |

(A) ○ (I) & (C)

(B) ○ (III) & (B)

(C) ○ (IV) & (A)

(D) ○ (II) & (D) (Correct Answer)

**Question No.45 (Question Id - 99)**

کتاب "بیسویں صدی میں اردو ناول" کا مصنف کون ہے؟

(A) ○ قمر رئیس

(B) ○ یوسف سرمست (Correct Answer)

(C) ○ مانک ٹالا

(D) ○ جگدیش چندر ودھاون

**Question No.46 (Question Id - 33)**

"تضحیک روزگار" کس قسم کا قصیدہ ہے؟

(A) خطابیہ

(B) فخریہ

(C) ہجویہ **(Correct Answer)**

(D) وعظیہ

**Question No.47 (Question Id - 76)**

'نظم معریٰ' ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں

(A) قافیے کی پابندی نہیں ہوتی **(Correct Answer)**

(B) ہر مصرعے میں ارکان بحر کی تعداد برابر نہیں ہوتی

(C) ردیف، قافیہ اور بحر کے مقررہ اوزان کی پابندی کی جاتی ہے

(D) قافیہ اور ردیف کی پابندی سے آزاد ہوتا ہے

**Question No.48 (Question Id - 67)**

ذیل میں سے کون سی مثنوی 'نصرتی' کے زور قلم کا نتیجہ ہے؟

(A) شعلۂ عشق

(B) دریائے عشق

(C) زہر عشق

(D) گلشن عشق **(Correct Answer)**

**Question No.49 (Question Id - 38)**

"رانی کیتکی کی کہانی" کا مصنف کون ہے؟

(A) شیخ غلام ہمدانی مصحفیؔ

(B) سید انشاءاللہ خان انشاؔء **(Correct Answer)**

(C) شیخ علی حزیںؔ

(D) مرزا مظہر جانِ جاناں

**Question No.50 (Question Id - 37)**

(A) اردوئے معلی　　(B) اس آباد خرابے میں　　(C) غبار خاطر

(D) خواب باقی ہیں　　(E) ورود مسعود

ان میں سے کون کون خودنوشت سوانح ہیں؟

(A) (A), (B) & (C)

(B) (B), (D) & (E) **(Correct Answer)**

(C) (C), (D) & (E)

(D) (B), (C) & (E)

**Question No.51 (Question Id - 83)**

ذیل میں سے کن داستانوں کا تعلق لکھنؤ سے ہے؟

(A) باغ و بہار (B) سب رس (C) رانی کیتکی کی کہانی

(D) عجائب القصص (E) فسانۂ عجائب

(A) ○ (A) & (C) only

(B) ○ (C) & (E) only (Correct Answer)

(C) ○ (B) & (D) only

(D) ○ (A) & (E) only

**Question No.52 (Question Id - 74)**

باغ و بہار کے کس قصے میں سوداگر کتے کے گلے میں بارہ لعل پہناتا ہے؟

(A) ○ بادشاہ آزاد بخت کی سرگزشت (Correct Answer)

(B) ○ سیر پہلے درویش کی

(C) ○ سیر دوسرے درویش کی

(D) ○ سیر تیسرے درویش کی

**Question No.53 (Question Id - 35)**

" مجھ پر کیا ہے مرشد کامل نے راز فاش "

اس مصرعہ میں اقبال نے " مرشد کامل " سے کسے خطاب کیا ہے؟

(A) ○ مرزا اسد اللہ خاں غالب

(B) ○ مرزا اسد اللہ خاں غالب

(C) ○ مرزا بیدل عظیم آبادی (Correct Answer)

(D) ○ حضرت شاہ ولی اللہ

**Question No.54 (Question Id - 80)**

ذیل میں سے کون کون ایہام گو شاعر ہیں؟

(A) محمد رفیع سودا (B) شاہ مبارک آبرو (C) میر درد

(D) شاکر ناجی (E) میر تقی میر

(A) ○ (A) & (C) only

(B) ○ (B) & (D) only (Correct Answer)

(C) ○ (D) & (E) only

(D) ○ (C) & (E) only

**Question No.55 (Question Id - 63)**

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) ○ کیفی اعظمی

(B) ○ علی سردار جعفری

(C) ○ فراق گورکھپوری

(D) ○ مجروح سلطان پوری **(Correct Answer)**

**Question No.56 (Question Id - 68)**

راجہ ہوں میں قوم کا اور اندر میرا نام

بن پریوں کی دید کے نہیں مجھے آرام

یہ شعر اردو کے کس ڈرامے سے ماخوذ ہے؟

(A) ○ ناگر سبھا

(B) ○ اندر سبھا **(Correct Answer)**

(C) ○ یہودی کی لڑکی

(D) ○ ضحاک

**Question No.57 (Question Id - 77)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| List - II | List - I | |
|---|---|---|
| (I) ڈراما | ایک لڑکا | (A) |
| (II) افسانہ | یہودی کی لڑکی | (B) |
| (III) نظم | گرم کوٹ | (C) |
| (IV) خاکہ | دوزخی | (D) |

(A) ○ (I) & (A)

(B) ○ (III) & (C)

(C) ○ (IV) & (D) **(Correct Answer)**

(D) ○ (II) & (B)

**Question No.58 (Question Id - 88)**

قوم کے غم میں ڈنر کھاتے ہیں حکام کے ساتھ

رنج لیڈر کو بہت ہے مگر آرام کے ساتھ

اکبر الہ آبادی نے اس شعر میں کس کی جانب اشارہ کیا ہے؟

(A) ○ لارڈ کرزن

(B) ○ مولوی ذکاء اللہ

(C) ○ سرسید احمد خان **(Correct Answer)**

(D) ○ مہاتما گاندھی

**Question No.59 (Question Id - 54)**

”بکٹ کہانی“ کس کا لکھا ہوا بارہ ماسہ ہے؟

(A) ○

افضل جھنجھانوی (Correct Answer)

(B) ابن نشاطی

(C) ملا وجہی

(D) قلی قطب شاہ

**Question No.60 (Question Id - 95)**

پریم چند کہاں پیدا ہوئے؟

(A) لمہی (Correct Answer)

(B) لکھنؤ

(C) جون پور

(D) گورکھ پور

**Question No.61 (Question Id - 75)**

ارسطو کی کتاب POETICS کا ترجمہ اردو میں کس نے کیا؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (Correct Answer)

(B) آلِ احمد سرور

(C) الطاف حسین حالی

(D) محمد حسن

**Question No.62 (Question Id - 50)**

جوگندر پال کے ناول کا نام ہے۔

(A) نادید (Correct Answer)

(B) بہاؤ

(C) مکان

(D) تذکرہ

**Question No.63 (Question Id - 65)**

The below question has been dropped and full marks are awarded.

کس شاعر کے شعری مجموعے کا نام 'مرعوکات سخن' ہے؟

(A) فانی بدایونی

(B) عرفان صدیقی

(C) حسرت موہانی

(D) مخدوم محی الدین

**Question No.64 (Question Id - 98)**

"صرف ونحو" کا تعلق کس علم سے ہے؟

(A)

علمِ معانی **(Correct Answer)**

(B) علمِ بیان

(C) علمِ بدیع

(D) علمِ عروض

**Question No.65 (Question Id - 22)**

''دیوان زادہ'' کس شاعر کا دیوان ہے؟

(A) آبرو

(B) آرزو

(C) مرزا مظہر جانِ جاناں

(D) شیخ ظہور الدین حاتم **(Correct Answer)**

**Question No.66 (Question Id - 82)**

ڈراما 'انارکلی' میں کنیزوں کا داروغہ جو خواجہ سرا ہے، اس کا نام کیا ہے؟

(A) ستارہ

(B) چاند

(C) گل رو

(D) کافور **(Correct Answer)**

**Question No.67 (Question Id - 48)**

تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن، اسدؔ
سرگشتہ خمارِ رسوم قیود تھا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) تجنیس

(B) تجاہلِ عارفانہ

(C) تلمیح **(Correct Answer)**

(D) تشبیہ

**Question No.68 (Question Id - 25)**

تشبیہ اور استعارہ میں گہرا تعلق یہ ہے کہ استعارہ میں

(A) مشبہ بہ کو مشبہ قرار دیا جاتا ہے

(B) مشبہ بہ کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

(C) مشبہ کو مشبہ بہ قرار دیا جاتا ہے **(Correct Answer)**

(D) مشبہ اور مشبہ بہ دونوں کو حذف کر دیا جاتا ہے

**Question No.69 (Question Id - 60)**

''رانو '' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) سیتاہرن

(B) جاگھ

(C) غمِ دل وحشتِ دل

(D) ایک چادر میلی سی (Correct Answer)

**Question No.70 (Question Id - 85)**

کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا
یہاں 'تیرِ نیم کش' سے کیا مراد ہے؟

(A) معشوق کے لب

(B) معشوق کی آنکھ

(C) پوری کھلی آنکھیں

(D) آدھی کھلی آنکھیں (Correct Answer)

**Question No.71 (Question Id - 90)**

'' اقبال شاعر اور سیاست داں '' کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

(A) سہیل بخاری

(B) رفیق زکریا (Correct Answer)

(C) رفیع الدین ہاشمی

(D) قاضی عبیدالرحمٰن ہاشمی

**Question No.72 (Question Id - 30)**

ڈراما 'ضحاک' کا مرکزی کردار کون ہے؟

(A) تحسین

(B) پروین

(C) فریدوں (Correct Answer)

(D) افضل

**Question No.73 (Question Id - 94)**

اقبال کی تصنیف '' جاوید نامہ '' کی شرح کس نے لکھی ہے؟

(A) رفیع الدین ہاشمی

(B) محمد بدیع الزماں

(C) یوسف سلیم چشتی (Correct Answer)

(D) سہیل بخاری

**Question No.74 (Question Id - 58)**

ذیل میں سے کون کون سی نظمیں علامہ اقبال کی ہیں؟

(A)ابر کہسار　　(B)مناجات بیوہ　　(C)ایک پہاڑ اور گلہری

(D)قومی ترانہ　　(E) رامائن کا ایک سین

(A) (A), (B), (D) only

(B) (A), (C), (D) only **(Correct Answer)**

(C) (B),(C),(E) only

(D) (B),(D), (E) only

**Question No.75 (Question Id - 53)**

"جاپان چلو جاپان چلو" کس کا سفر نامہ ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) مجتبیٰ حسین **(Correct Answer)**

(C) عابد حسین

(D) نازلی رفیعہ سلطانہ

**Question No.76 (Question Id - 52)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| List - I | | List - II |
|---|---|---|
| (A) | باغ و بہار | (I)عطا حسین خاں تحسین |
| (B) | نوطرز مرصع | (II)رجب علی بیگ سرور |
| (C) | سب رس | (III)ملا وجہی |
| (D) | فسانۂ عجائب | (IV)میر امن |

(A) (II) & (A)

(B) (III) & (C) **(Correct Answer)**

(C) (IV) & (B)

(D) (I) & (D)

**Question No.77 (Question Id - 66)**

(A)اور انسان مر گیا　　(B)چاندنی بیگم　　(C)میرے بھی صنم خانے

(D)آخری سواریاں　　(E) تین بتی کا راما

ان میں سے کون کون سا ناول قرۃ العین حیدر کا نہیں ہے؟

(A) (A), (B) ,(C)

(B) (A), (C) , (E)

(C) (A), (D), (E) **(Correct Answer)**

(D) ○ (C), (D), (E)

**Question No.78 (Question Id - 57)**

"کندن" کس کا مشہور خاکہ ہے؟

(A) ○ فرحت اللہ بیگ

(B) ○ مولوی عبدالحق

(C) ○ رشید احمد صدیقی **(Correct Answer)**

(D) ○ محمد طفیل

**Question No.79 (Question Id - 20)**

متحیر کرنے والے دعوے، مبالغہ آمیز تعمیمات اور دلکش فقرے کس قسم کی تنقید کی بنیاد بنتے ہیں؟

(A) ○ تاثراتی تنقید

(B) ○ رومانی تنقید **(Correct Answer)**

(C) ○ نفسیاتی تنقید

(D) ○ جمالیاتی تنقید

**Question No.80 (Question Id - 86)**

اقبال کا "ظریفانہ" کلام ان کے کس مجموعہ میں ہے؟

(A) ○ بالِ جبریل

(B) ○ ضربِ کلیم

(C) ○ ارمغان حجاز

(D) ○ بانگِ درا **(Correct Answer)**

**Question No.81 (Question Id - 27)**

" تعزیرات ہند" کا اردو ترجمہ پہلی بار کس نے کیا تھا ؟

(A) ○ ماسٹر رام چندر

(B) ○ ڈپٹی نذیر احمد **(Correct Answer)**

(C) ○ مرزا محمد ہادی رسوا

(D) ○ مرزا فرحت اللہ بیگ

**Question No.82 (Question Id - 72)**

ذیل میں سے کن کن کا تعلق ترقی پسند ادبی تحریک سے نہیں ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) اسرار الحق مجاز (C) معین احسن جذبی

(D) کرشن چندر (E) ن۔م۔راشد

(A) ○ (A) & (E) only **(Correct Answer)**

(B) ○ (B) & (C) only

(C) ○

(D) & (E) only

(D) ○ (A) & (D) only

**Question No.83 (Question Id - 23)**

میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا

بلبلیں سُن کر مرے نالے غزل خواں ہو گئیں

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(A) ○ اشتقاق

(B) ○ مراعات النظیر **(Correct Answer)**

(C) ○ تجنیس

(D) ○ لف ونشر

**Question No.84 (Question Id - 15)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کریں۔

| List - I | List - II |
| --- | --- |
| (A) پریم چند | (I) نئی بیوی |
| (B) عصمت چغتائی | (II) الاؤ |
| (C) غلام عباس | (III) آنندی |
| (D) سہیل عظیم آبادی | (IV) چوتھی کا جوڑا |

(A) ○ (IV) & (A)

(B) ○ (I) & (C)

(C) ○ (II) & (D) **(Correct Answer)**

(D) ○ (III) & (B)

**Question No.85 (Question Id - 40)**

ذیل میں دو قول درج ہیں۔

قول - I

" اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے۔ یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر"۔

قول - II

" تنقید نہ یزداں کا فن ہے نہ اہرمن کا، یہ انسان کے بہترین کارناموں کو پرکھنے کا فن ہے"۔

ان اقوال کی روشنی میں دئے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) ○ I اور II دونوں صحیح ہیں۔ **(Correct Answer)**

(B) ○ I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) ○ I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔

(D) ○ I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔

**Question No.86 (Question Id - 43)**

یہ عذر امتحان جذب دل کیسا نکل آیا
میں الزام اس کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

اس شعر میں کون سی فنّی خوبی موجود ہے؟

(A) ○ استعارہ

(B) ○ قولِ محال (Correct Answer)

(C) ○ ایہام

(D) ○ تجنیس

**Case Study - 87 to 91 (Question Id - 1)**

کسی شعبے یا شعبے کے کسی کمرے میں کتنے ڈیسک اور کرسیاں ہیں، کس حال میں ہیں، کتنی ٹوٹ پھوٹ گئیں، ان کے بدلے میں کتنی اور آ ئیں، اس کی خبر جتنی کندن کو تھی، خود شعبے کے چپراسی کو نہ تھی۔ امتحان کا کاروبار پہلے کی نسبت بہت بڑھ گیا ہے۔ فرنیچر کی قلت، وقت کی تنگی، کمروں کی کمی، ان سب سے نبٹنے کے لیے کندن کی ''ایک شخصی وزارت'' کا مشورہ اور مدد لازمی تھی۔ کندن ہی بتا سکتا تھا کہ زیادہ سے زیادہ کتنی نشستوں کا کہاں کہاں کس طرح انتظام ہو سکتا ہے۔ امتحان قریب ہوتا تو ہر شعبے کے صدر کے نام رجسٹرار آفس سے ایک گشتی مراسلہ آجاتا کہ امتحان کے لیے زیادہ سے زیادہ جتنی کرسی اور ڈیسک مہیا کی جا سکیں، کر دیں۔ شکر گزاری کے موجب ہوں گے۔ یہ خط لے کر کندن آجاتا، پوچھتا۔ کندن کیسے ادھر آ نکلے؟ ہجور امتحان نہ ہے، کرسی ڈیسک چاہئیں، بھئی یہ ہمیشہ کا دھندا ہے۔ اس میں ایسا پوچھنا کیا؟ میاں خاں (شعبے کا چپراسی) اور تم آپس میں سمجھ لو۔ کندن سامان اٹھوا لے جاتا۔ امتحان کے ختم ہونے پر کرسی اور ڈیسک اسی طرح کمرے میں قرینے سے رکھی ہوئی مل جاتی جس طرح لے جائی گئی تھی۔

**Question No.87 (Question Id - 2)**

شعبے کے چپراسی کا نام کیا ہے؟

(A) ○ کندن

(B) ○ میاں خاں (Correct Answer)

(C) ○ وزارت

(D) ○ گشتی مراسلہ

**Question No.88 (Question Id - 3)**

امتحان کے موقع پر گشتی مراسلہ کس کے نام آجاتا تھا؟

(A) ○ کندن کے نام

(B) ○ چپراسی کے نام

(C) ○ صدر شعبہ کے نام (Correct Answer)

(D) ○ رجسٹرار کے نام

**Question No.89 (Question Id - 4)**

امتحان کے موقع پر کس چیز کے مہیا کی جانے کی گزارش کی جاتی؟

(A) ○ کمرے کی

(B) ○ چپراسی کی

(C) ○ کاپیوں کی

(D) ○

کرسی اور ڈیسک کی (Correct Answer)

**Question No.90 (Question Id - 5)**

کرسی اور ڈیسک کے جانے، آنے اور ٹوٹنے پھوٹنے کی خبر کس کو تھی ؟

(A) صدر شعبہ کو

(B) رجسٹرار کو

(C) چپراسی کو

(D) کندن کو (Correct Answer)

**Question No.91 (Question Id - 6)**

''بجو امتحان نہ ہے، کرسی ڈیسک چاہئیں۔'' یہ کس نے کہا؟

(A) کندن نے (Correct Answer)

(B) صدر شعبہ نے

(C) چپراسی نے

(D) وزیر نے

**Question No.92 (Question Id - 18)**

ذیل میں دو قول دیے گئے ہیں۔

قول - I

جس مثنوی میں جنگ کا بیان ہوتا ہے اسے رزمیہ مثنوی کہتے ہیں۔

قول - II

اردو کی پہلی مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' ہے۔

ان اقوال کی روشنی میں ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) I اور II دونوں صحیح ہیں۔ (Correct Answer)

(B) I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔

(D) I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔

**Question No.93 (Question Id - 46)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| List - I | List - II |
|---|---|
| (A) اقبال | (I) حسن کوزہ گر، رخصت، سبا ویراں |
| (B) جوش ملیح آبادی | (II) کسان، فتنہ خانقاہ، بدلی کا چاند |
| (C) ن۔م۔راشد | (III) بازآمد، مسجد، پگڈنڈی |
| (D) اخترالایمان | (IV) شعاع امید، خضر راہ، جبریل و ابلیس |

(A)

(III) & (A)

(B) ○ (II) & (B) **(Correct Answer)**

(C) ○ (IV) & (C)

(D) ○ (I) & (D)

**Question No.94 (Question Id - 16)**

ٹلر، فلیکس بوترو، کارگل اور اسپر نگر کا تعلق کس ہندوستانی ادارہ سے تھا؟

(A) ○ فورٹ ولیم کالج، کلکتہ

(B) ○ دلّی کالج، دلّی **(Correct Answer)**

(C) ○ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج، علی گڑھ

(D) ○ گورنمنٹ کالج، لاہور

**Question No.95 (Question Id - 70)**

اردو کی ابتدا کا سہرا کس نے دکن کے سر باندھا ہے؟

(A) ○ نصیر الدین ہاشمی **(Correct Answer)**

(B) ○ گیان چند جین

(C) ○ ولی دکنی

(D) ○ محمود شیرانی

**Question No.96 (Question Id - 36)**

سفر نامہ "سیر ایران" کا مصنف کون ہے؟

(A) ○ ڈپٹی نذیر احمد

(B) ○ منشی نول کشور

(C) ○ رتن ناتھ سرشار

(D) ○ محمد حسین آزاد **(Correct Answer)**

**Question No.97 (Question Id - 71)**

فورٹ ولیم کالج سے وابستہ منشی للّو لال جی کا آبائی وطن کہاں تھا؟

(A) ○ کلکتہ

(B) ○ مرشد آباد

(C) ○ راجستھان

(D) ○ گجرات **(Correct Answer)**

**Question No.98 (Question Id - 102)**

ذیل میں دیے گئے اقوال کی روشنی میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

قول - I

بیان کی لطافت، زبان کی اثر آفرینی، واقعات و حادثات کی بھرمار اور پیچیدگی داستان کی خصوصیات ہے۔

قول - II

داستان میں قصے کو مختصر طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

(A) ○ I اور II دونوں صحیح ہیں۔

(B) ○ I اور II دونوں غلط ہیں۔

(C) ○ I صحیح ہے لیکن II غلط ہے۔ **(Correct Answer)**

(D) ○ I غلط ہے لیکن II صحیح ہے۔

**Question No.99 (Question Id - 79)**

ذیل میں سے کون سا افسانہ پریم چند کا نہیں ہے؟

(A) ○ گلی ڈنڈا

(B) ○ قاتل ماں

(C) ○ نئی بیوی

(D) ○ لمبی لڑکی **(Correct Answer)**

**Question No.100 (Question Id - 31)**

(A) گرم کوٹ (B) زیور کا ڈبہ (C) اپنے دکھ مجھے دے دو

(D) ڈاکو (E) ایک چادر میلی سی

ان میں سے کون کون سی تحریر راجندر سنگھ بیدی کی نہیں ہے؟

(A) ○ (A), (C)

(B) ○ (B), (D) **(Correct Answer)**

(C) ○ (D), (E)

(D) ○ (A), (D)

Save & Print